ڈسٹرکٹ پولیس آفس/ شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز

02-10-2021

بہاول پور() تھانہ سول لائنز پولیس کی کارگزاری، تھانہ کی حدود میں چندروز قبل پیش آنے والے تیزاب گردی کے وقوعہ میں ملوث مرکزی ملزم گرفتار، ایسے سنگین مقدمات میں ملوث ملزمان کسی رعایت کے مستحق نہیں، کسی کو بھی انسانی زندگیوں سے کھیلنے کی اجازت ہرگز نہیں دی جاسکتی، تمام شواہد کی روشنی میں ملزم کو قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، ڈی پی او محمد فیصل کامران۔

تفصیلات کے مطابق تھانہ سول لائنز کی حدود میں چندروز قبل پیش آنے والے تیزاب گردی کا معاملہ، مدعی مقدمہ محمد عمران نے تھانہ سول لائنز پولیس کو درخواست دی کہ میرا اسلمان ہوٹل کے نام سے کاروبار ہے، میرا بیٹا سلمان، میرا بھانجا احمد ہوٹل پر موجود تھے کہ ارسلان میرے ہوٹل پر آیا اور ناشتہ مانگا میں کہا کہ ناشتہ ختم ہو گیا ہے، جس پر ارسلان میرے بیٹے اور بھانجے کے ساتھ ایک میز پر بیٹھ گیا، اسی اثنا میں نجم الثاقب آ گیا اور ہاتھ میں پکڑی ہوئی ڈیڑھ لیٹر پلاسٹک والی بوتل تھی جس میں تیزاب تھا کو ارسلان کے اوپر پھینک دیا جو کہ اس کے دائیں سائیڈ بازو، پیٹ، ٹانگ پر گرا اور میرے بیٹے سلمان کی آنکھوں اور منہ میں گرا اور ملزم موقع سے فرار ہو گیا، تھانہ سول لائنز پولیس نے فوری طور پر قانونی کارروائی کا آغاز کرتے ہوئے تیزاب گردی و دہشت گردی کی دفعات کے تحت مقدمہ درج کر لیا، ڈی پی او محمد فیصل کامران نے وقوعہ کا فوری نوٹس لیتے ہوئے ڈی ایس پی سٹی سرکل کی سربراہی وایس ایچ او تھانہ سول لائنز کی زیر نگرانی میں ملزم کی گرفتاری کے لیے ٹیم تشکیل دی، جنہوں نے وقوعہ درج ہونے کے چندروز کے اندر وقوعہ میں ملوث مرکزی ملزم نجم الثاقب کو گرفتار کر لیا، ڈی پی او نے تمام ٹیم کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے شاباش دی، انہوں نے ملزم کی گرفتاری کے حوالے سے اپنے پیغام میں کہا کہ ایسے سنگین مقدمات میں ملوث ملزمان کسی رو رعایت کے مستحق نہیں، کسی کو بھی انسانی زندگیوں سے کھیلنے کی اجازت ہرگز نہیں دی جاسکتی، تمام شواہد کی روشنی میں ملزم کو قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی۔

بہاول پور: تھانہ سول لائنز پولیس کی کارگزاری، تھانہ کی حدود میں چندروز قبل پیش آنے والے تیزاب گردی کے وقوعہ میں ملوث مرکزی ملزم گرفتار۔

جا محمد ساجد

ترجمان پولیس

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز

02-10-2021

بہاول پور() تھانہ بغدادالجدید پولیس کا منشیات فروشوں کے خلاف آپریشن،متعدد ملزمان گرفتار، بھاری مقدار میں منشیات برآمد،مقدمات درج،منشیات فروشی میں ملوث ملزمان کو جیل کی سلاخوں کے پیچھے پہنچایا جا رہا ہے، بہاول پور کو منشیات سے ہرصورت پاک کیا جائے گا۔ڈی پی او محمد فیصل کامران۔

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب راؤ سردار علی خان اور ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب کیپٹن (ر) ظفر اقبال اعوان کی پالیسی کے مدنظر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد فیصل کامران کی ہدایت پر بہاول پور پولیس کی سماج دشمن عناصر کے خلاف گاہے بگاہے کارروائیاں جاری ہیں،تھانہ بغدادالجدید پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف آپریشن کرتے ہوئے متعدد ملزمان کو گرفتار کر کے بھاری مقدار میں منشیات برآمد کر لی ،تھانہ بغدادالجدید پولیس نے تھانہ کی حدود میں منشیات فروش کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے ملزم محمد جمیل کو گرفتار کرلیا جس کے قبضہ سے 2240 گرام چرس برآمد ہوئی ، اسی طرح شراب فروشوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے ملزمان جاوید،نوید عرف نیدو، محمد جاوید اور محمد کاشف کو گرفتار کرلیا،جن کے قبضہ سے 90 لیٹر دیسی شراب اور مختلف اقسام کی 126 عدد بوتلیں ولائتی شراب برآمد کرلیں ، تھانہ بغدادالجدید پولیس نے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے، ہماری سماج دشمن عناصر کے خلاف جنگ جاری ہے،منشیات فروشی میں ملوث ملزمان کو جیل کی سلاخوں کے پیچھے پہنچایا جا رہے، بہاول پور کو منشیات سے ہرصورت پاک کیا جائے گا،ضلع کے دیگر ایس ایچ اوز بھی ایسی کارروائیاں عمل میں لائیں، ان خیالات کا اظہار ڈی پی او نے ایس ایچ اوز کو دی جانیوالی ہدایات کے دوران کیا۔

جام محمد ساجد

ترجمان پولیس

بہاول پور: تھانہ سول لائنز پولیس کی کارگزاری، تھانہ کی حدود میں چندروز قبل پیش آنے والے تیزاب گردی کے وقوعہ میں ملوث مرکزی ملزم گرفتار۔